© rasailojaraid.com

# حرف اول

قارئین گرامی قدر !

کلیہ معارف اسلامیہ، جامعہ کراچی کا تحقیقی مجلّہ "معارف اسلامیہ" کا تیسرا شمارہ پیش خدمت ہے۔ پروگرام کے مطابق یہ شمارہ جولائی ۲۰۰۱ میں پیش کیا جانا تھا لیکن اس شمارہ کے تینوں حصوں کے مدیران، ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری ڈاکٹر نصیر احمد اختر (عربی) ڈاکٹر شہناز غازی (انگلش) اور سید رئیس احمد (اردو) نے یہ ثابت کر دیا کہ اگر لگن ہو تو کام وقت سے پہلے بھی کیے جاسکتے ہیں۔ اپنے ایک اہم ہدف کا وقت مقررہ سے تین ماہ قبل حصول کلیہ کی کامیاب تحقیقی سرگرمیوں کا اہم ثبوت ہے۔

مجلّہ کی ادارت میں آپ تبدیلی محسوس کریں گے۔ جس کا مقصد کلیہ کے تمام ساتھیوں کو تحقیقی سرگرمیوں میں مصروف رکھنا اور مستقبل میں اہم ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہونے کے لئے انہیں تیار کرنا ہے۔ یہ تجربہ مفید ثابت ہوا جس کا ایک ثبوت مجلّہ کی قبل از وقت اشاعت ہے۔

الحمدللہ، کلیہ معارف اسلامیہ نے دیگر شعبوں میں اپنی انفرادیت ثابت کرنے کے ساتھ ساتھ قوم کے سامنے یہ مثال بھی رکھ دی کہ وقت کی قدر کیسے کی جاسکتی ہے۔ اسی لئے ہم ساتھیوں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ پروگرام سے تین ماہ قبل مجلّہ کی طباعت کے نتیجہ میں ہم ان تین ماہ سے بھرپور استفادہ کریں گے۔ جون میں "سیرت طیبہ" اور اگست میں " پاکستان " کے حوالے سے خصوصی شمارے طبع کئے جائیں گے جس کے لئے کام شروع کر دیا گیا ہے۔

حسب سابق اس شمارہ میں بھی مختلف موضوعات پر نہ صرف جامعہ کراچی بلکہ دیگر جامعات کے محققین کے مقالات شامل اشاعت ہیں۔ اس شمارہ میں شامل اہل قلم کی کاوشوں کو میں ذاتی طور پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آئندہ بھی ان خواتین و حضرات کا قلمی تعاون ہمیں حاصل رہے گا۔

کلیہ کی تحقیقی سرگرمیاں حسب پروگرام جاری ہیں اور رواں سمسٹر میں اب تک حسب ذیل تین اہم موضوعات پر سیمینارز منعقد ہو چکے ہیں۔

1) A New Paradigm in Social Sciences: The Islamization of Knowledge, Feb. 17, 2001.

2) Islamic Society and Civil Society: A Direction for Pakistan, Feb. 26, 2001.

3) International Humanitarian Law: Islamic Perspective, Mar. 31, 2001

یہ تینوں سیمینار علی الترتیب :

i) International Institute of Islamic Thought, Canada.



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ii) Office of Public Affairs, U.S.Consulate General, Karachi.

iii) International Committee of the Red Cross, Deligation in Pakistan

کے تعاون سے منعقد کئے گئے جن سے ملکی اور غیر ملکی ماہرین تعلیم نے خطاب کیا۔

اپریل میں ISPR, Karachi اور مئی میں

Family Planning Association of Pakistan, Regional Office Karachi

کے تعاون سے سیمینارز منعقد ہوں گے۔

اس طرح ہر سمسٹر میں اوسطاً ہر ماہ ایک سیمینار ہوتا ہے۔ یہ اعزاز بھی ایک منفرد اعزاز ہے جو کلیہ معارف اسلامیہ کو حاصل ہوا۔

اسی سال اگست میں " **مذہبی رواداری : قومی ضرورت** " کے موضوع پر قومی کانفرنس منعقد کی جائے گی جس میں ملک بھر سے تمام مکاتب فکر کے جید علماء، مشائخ اور دانشوران گرامی کو دعوت دی جا رہی ہے۔ صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان عالی جناب جسٹس (ر) محمد رفیق تارڑ سے اس کانفرنس کے افتتاح کی باقاعدہ درخواست کی گئی ہے اور آپ کی منظوری کے بعد قطعی تاریخ کا اعلان کر دیا جائے گا۔

کلیہ کی حاصل کردہ کامیابیوں اور مستقبل کے منصوبوں کے تعین میں کلیہ کے تمام ساتھیوں خصوصاً تینوں شعبوں کے صدور، ڈاکٹر جلال الدین احمد نوری (علوم اسلامی)، ڈاکٹر حسام الدین (اصول الدین) اور ڈاکٹر فضل احمد (القرآن و السنۃ) کی دن رات کی محنت اور خلوص شامل ہے۔

قارئین! شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر **ظفر سعید سیفی** جو برصغیر کے نامور علمی گھرانے کے فرد ہیں، ان کی سرپرستی میں کلیہ کی تدریسی، تحقیقی اور فلاحی پروگراموں میں مزید گرم جوشی پیدا ہوئی ہے جس کے نتیجہ میں یقیناً کلیہ کا مستقبل تابناک تر ہوگا۔ اسی طرح سرپرست اعلیٰ، جناب **محمد میاں سومرو**، رئیس الجامعہ/گورنر سندھ کی کلیہ سے خصوصی دلچسپی نے ہمارے حوصلے مزید بلند کر دیے ہیں۔ ان دونوں حضرات کی سرپرستی میں، اللہ کے فضل و کرم سے ہم کلیہ کو دنیا کے اہم تعلیمی اداروں میں خصوصی مقام دلانے میں یقیناً کامیاب ہوں گے۔

میں اور میرے ساتھی جناب **شیخ الجامعہ** اور **رئیس الجامعہ** کی کرم ارزانیوں پر تہہ دل سے ممنون ہیں۔

**(ڈاکٹر عبدالرشید)**

پروفیسر و رئیس کلیہ/مدیر اعلیٰ

۲۸، اپریل ۲۰۰۱



© rasailojaraid.com